حديث: اللہ تعالی نے فرمایا: ”اے ابن آدم ! خرچ کر، میں تجھ پر خرچ کروں گا“۔

زمرہ: فقہ و اصولِ فقہ . خاندان سے متعلق شرعی مسائل . نفقہ/ خرچ .

عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال:

«قَالَ اللَّهُ: أَنْفِقْ يَا ابْنَ آدَمَ أُنْفِقْ عَلَيْكَ».

[صحيح] - [متفق عليه] - [صحيح البخاري: 5352]

ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

"اللہ تعالی نے فرمایا: ”اے ابن آدم ! خرچ کر، میں تجھ پر خرچ کروں گا“۔

[صحیح] - [متفق علیہ] - [صحيح البخاري - 5352]

شرح

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بیان فرما رہے ہیں کہ اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا: اے آدم کی اولاد! تم ان جگھوں میں خرچ کرو، جہاں خرچ کرنا واجب اور مستحب ہے، میں تم کو کشادگی عطا کروں گا، تمھیں اس کا بدلہ عطا کروں گا اور اس میں تمھارے لیے برکت ڈال دوں گا۔

حدیث کے کچھ فوائد

1. **صدقہ کرنے اور اللہ کے راستے میں خرچ کرنے کی ترغیب۔**
2. **نیک کاموں میں خرچ کرنا روزی میں اضافہ اور برکت کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے۔ اللہ بندے کو اس کے خرچ کرنے کا بدلہ عطا کرتا ہے۔**
3. **یہ حدیث ان حدیثوں میں سے ہے، جن کو اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے اپنے رب سے روایت کیا ہے۔ اس طرح کی حدیث کو حدیث قدسی یا حدیث الہی کہا جاتا ہے۔ یعنی ایسی حدیث جس کے الفاظ اور معنی دونوں اللہ کی جانب سے ہوں۔ یہ الگ بات ہے کہ اس کے اندر قرآن کے وہ خصائص نہیں پائے جاتے، جن کی بنیاد پر اسے ایک الگ امتیاز حاصل ہے۔ مثلا اس کی تلاوت کے ذریعہ اللہ کی عبادت کرنا، اس کی تلاوت کے لیے طہارت حاصل کرنا، اس کا معجزہ ہونا اور اس جیسا کلام پیش کرنے کا چیلنج پیش کیا جانا وغیرہ۔**

زمرے

- فقہ و اصولِ فقہ . خاندان سے متعلق شرعی مسائل . نفقہ/ خرچ
- فقہ و اصولِ فقہ . فقہِ عبادات (عبادات سے متعلق شرعی مسائل) . زکوۃ . نفلی صدقہ

عربي English Español Indonesia ئۇيغۇرچە বাংলা Français Türkçe Русский
Bosanski සිංහල हिन्दी 中文 فارسی Tiếng Việt Tagalog Kurdî Hausa
Português മലയാളം తెలుగు Kiswahili தமிழ் မြန်မာ ไทย Deutsch 日本語
پښتو অসমীয়া Shqip Svenska አማርኛ Nederlands ગુજરાતી Кыргызча नेपाली
Yorùbá Lietuvių دری Српски Soomaali тоҷикӣ Kinyarwanda Română
Magyar Čeština Moore Malagasy Fulfulde Italiano Oromoo ಕನ್ನಡ Wolof
Български Azərbaycan O‘zbek Українська ქართული Македонски ភាសាខ្មែរ
Bambara ਪੰਜਾਬੀ मराठी Yao Kurmancî